الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

رپورٹ

مورخہ 13نومبر2019ء

آج بتاریخ 13 نومبر 2019ء کوالیکشن کمیشن آف پاکستان میں خیبر پختونخوامیں مقامی حکومتوں کے انتخابات کے انعقاد کے لئے درکار حلقہ بندی کے لئے دستاویزات مہیا کرنے سے متعلق معاملہ پر تیرہویں سماعت ہوئی جس میں صوبائی حکومت کی طرف سے سپیشل سیکرٹری معتصم باالله شاہ اور ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل ملک اختر حسین پیش ہوئے ۔الیکشن کمیشن کو گزشتہ تاریخ پر صادر کئے گئے احکامات پر عمل درآمد سے آگاہ کیا گیا۔الیکشن کمیشن کے استفسار پر ضم شدہ اضلاع کے 25 سب ڈویژن کو تحصیل قرار دینے سے متعلق صوبائی کابینہ کے فیصلے اور 50 تحصیلوں کو لوکل ایریا نوٹیفائی کرنے سے بھی آگاہ کیا گیا۔الیکشن کمیشن کو مزید آگاہ کیا گیا کہ متعلقہ قواعد وضوابطہ پر کام کے علاوہ بورڈ آف ریونیو بھی صوبائی کابینہ کے فیصلے کی روشنی میں تحصیلوں کی مالی وانتظامی پائیداری پر نظرثانی کرے گا۔تاکہ مستقبل میں ممکنہ مشکلات سے بچا جاسکے کمیشن نے ہدایات جاری کیں کہ صوبائی کابینہ کی منظوری کی روشنی میں متعلقہ تحصیلوں کی گزٹ نوٹیفکیشن (اعلامیہ) کی کاپیاں 4دن کے اندر کمیشن کو فراہم کی جائیں۔اور متعلقہ محکمہ جات اپنے کام جلدازجلد مکمل کرکے متعلقہ دستاویزات کمیشن کو فراہم کی جائیں تاکہ مقامی حکومتوں کے انتخابات کے انعقاد کے لئے حلقہ بندی کا کام شروع ہوسکے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆